N 894

Seat Number

2026 II 25 1500 - N 894 - URDU COMPOSITE (C) (SECOND OR THIRD LANGUAGE) (U)
(REVISED COURSE)

Time : 2 Hours | (Pages 12) | Max. Marks : 40

سرگرمی نامے کے لئے ہدایات :

(۱) سرگرمی نامے میں دی ہوئی ہدایات کے مطابق تفہیم کی جانچ پر مبنی سرگرمیوں میں اشکال، شبکی خاکے، شجری خاکے اور رواں خاکے صرف پین سے ہی بنائے جائیں۔

(۲) تحریری حصّے کی سرگرمیوں میں دی ہوئی ہدایات کے خاکے بنانے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی سوال تحریر کرنا ضروری ہے۔

(۳) خوش خطی اور صفائی کا خیال رکھیں۔

حصہ 1 — نثر: کل نمبرات : 10

۱۔ (الف) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کرکے دی گئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے : 5

(۱) شبکی خاکہ مکمل کیجئے : 2

نفیسہ میں آنے والی تبدیلیوں کو شبکی خاکہ میں درج کیجئے :



P.T.O.

https://www.maharashtrastudy.com

کچھ دن سے رضیہ بی دیکھ رہی تھیں کہ نفیسہ اِدھر کچھ چُپ چُپ سی رہتی ہے یا آنکھوں کی وہ چمک، آواز کی وہ چہک جو شروع میں نظر آتی تھی، اب کم ہوگئی ہے اور وہ کسی سوچ میں، کچھ حسرت کے سے عالم میں رہتی ہے۔ پہلے ماں سمجھ نہ سکی کہ کیا بات ہے مگر پھر غور کرنے پر بات اُن کی سمجھ میں آ گئی۔

شام کو نفیسہ آئی تو اس کی آنکھیں لال تھیں۔ ماں گھبرا گئیں۔ انہوں نے پوچھا، ''کیا ہوا بیٹی ؟'' نفیسہ نے روہانسی آواز میں کہا، ''وہ امّی ـــــ وہ کنول اور شکیلہ ہے نا، انہوں نے آج میری شال اور سوئٹر پر فقرے کسے اور ـــــ''

''کیوں ؟'' تیری شال اور سوئٹر سے انہیں کیا مطلب ؟''

''امی وہ امیر ہیں نا، کئی کئی سو کی شالیں، ولایتی کوٹ اور سوئٹر پہن کر آتی ہیں۔ انہوں نے سارے اسکول کے اسٹاف کو احساسِ کمتری میں مبتلا کر دیا ہے۔'' رضیہ بی کا چہرہ اُتر گیا۔

https://www.maharashtrastudy.com

اچانک نفیسہ کو بھی احساس ہوا کہ اس کے منہ سے وہ بات نکل گئی ہے، جو اسے کہنی نہیں چاہیے تھی۔ اس نے فوراً امّی کے گلے میں بانہیں ڈال کر کہا، ''چھوڑو امّی! مجھے بہت بھوک لگی ہے۔ جلدی سے کچھ کھانے کو دو۔'' اس وقت تو بات آئی گئی ہو گئی مگر روز صبح سرد ہوا میں نفیسہ سوئٹر کے بٹن بند کرتی اور پرانی شال کو کس کر لپیٹ لیتی اور چلی جاتی تو ماں کا دل کوئی اندر سے یوں مسل ڈالتا جیسے وہ اب دھڑک نہ سکے گا۔ وہ سوچ رہی تھیں، نفیسہ کی پہلی تنخواہ میں سے سب سے پہلے اس کے لئے ایک شال اور سوئٹر کا اون آئے گا۔ اب بھی وہ بُن تو سکتی ہیں۔

(۲) ''امی وہ امیر ہیں نا، کئی کئی سو کی شالیں، ولایتی کوٹ اور سوئٹر پہن کر آتی ہیں۔ 1

(جملے سے صفتِ عددی تلاش کر کے لکھیے)

(۳) نفیسہ کے چپ رہنے کا سبب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 2

https://www.maharashtrastudy.com

(ب) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کرکے دی گئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے : 5

(ا) چینی سیاح سے متعلق ذیل کا شبکی خاکہ مکمل کیجیے : 2



https://www.maharashtrastudy.com

5/N 894 Seat Number

کوئی تیرہ سو برس گزرے کہ ملکِ چین سے ایک سیاح علم و دانش کی تلاش میں ہندوستان آیا۔ اس کا نام ہیون سانگ تھا۔ وہ شمال کے پہاڑ اور ریگستان طے کرتا ہوا یہاں پہنچا۔ اُسے علم کا اتنا شوق تھا کہ راستے میں اس نے سینکڑوں مصیبتیں اُٹھائیں اور ہزاروں خطروں کا مقابلہ کیا۔ وہ ہندوستان میں بہت دن رہا۔ خود سیکھتا تھا اور دوسروں کو سکھاتا تھا۔ اس کا زیادہ تر وقت نالندہ وِدّیا پیٹھ میں گزرا جو شہر پاٹلی پُتر کے قریب واقع تھی۔ اس شہر کو اب پٹنہ کہتے ہیں۔

ہیون سانگ پڑھ لکھ کر بہت قابل ہو گیا حتّٰی کہ اُس کو فاضلِ قانون کا خطاب دیا گیا۔ پھر اُس نے سارے ہندوستان کا سفر کیا۔ اس عظیم الشان ملک کے باشندوں کو دیکھا بھالا اور اُن کے بارے میں پوری معلومات حاصل کیں۔ اس کے بعد اس نے اپنا سفرنامہ لکھا۔

P.T.O.

https://www.maharashtrastudy.com

(۲) اقتباس سے درج ذیل لفظ کا ہم معنی لفظ تلاش کر کے لکھیے : 1

قانون جاننے والا

(۳) ہیون سانگ کے علم کے شوق کے بارے میں اپنی رائے دیجیے۔ 2

حصہ 2 — نظم : کل نمبرات : 10

۲۔ (الف) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے : 5

(ا) شعری اقتباس کی روشنی میں دئے گئے الفاظ سے متعلق خالی چوکون میں لکھیے : 2

(i) بجلی ← [ ]

(ii) ہوا ← [ ]

(iii) بادل ← [ ]

(iv) تالاب ← [ ]

https://www.maharashtrastudy.com

7/N 894

Seat Number

چلنا وہ بادلوں کا زمین چوم چوم کر
اور اُٹھنا آسماں کی طرف جھوم جھوم کر
بجلی تو دیکھو، آتی ہے کیا کوندتی ہوئی
سبزے کو ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا روندتی ہوئی
لو، بادل اب گرجتے ہوئے سر پہ آ گئے
اور شامیانے شرق سے تا غرب چھا گئے
کیا مست آیا جھوم کے، سرشار ابر ہے
برسے گا آج خوب، دھواں دھار ابر ہے
بوندوں میں جھومتی وہ درختوں کی ڈالیاں
اور سبز کیاریوں میں وہ پھولوں کی لالیاں
وہ ٹہنیوں میں پانی کے قطرے ڈھلک رہے
وہ کھاڑیاں بھری ہوئی، تھالے جھلک رہے
گرنا وہ آبشار کی چادر کا زور سے
اور گونجنا وہ باغ کا پانی کے شور سے
جل تھل ہیں کوہ و دشت میں تالاب آب کے
گویا چھلک رہے ہیں کٹورے گلاب کے

(۲) نظم سے دو ہم صوتی الفاظ تلاش کر کے لکھیے۔ 1

(۳) بارش کے بعد کے منظر کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ 2

P.T.O.

https://www.maharashtrastudy.com

(ب) درج ذیل درسی غزل کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے۔ 5

(۱) غزل کی مدد سے دیے ہوئے لفظوں کے متعلقہ الفاظ لکھیے : 2

(i) زمانہ : ....

(ii) دریا : ....

(iii) بہار : ....

(iv) گل : ....

زمانہ ہے کہ گزرا جا رہا ہے
یہ دریا ہے کہ بہتا جا رہا ہے

زمانے پر ہنسے کوئی کہ روئے
جو ہونا ہے، وہ ہوتا جا رہا ہے

جو کچھ ان کی نگاہیں کہہ رہی ہیں
وہ دل پر نقش ہوتا جا رہا ہے

بہار آئی کہ دِن ہولی کے آئے
گلوں میں رنگ کھیلا جا رہا ہے
جلیلؔ، اب دل کو تم اپنا نہ سمجھو
کوئی کر کے اشارہ جا رہا ہے

(۲) غزل کے قافیے تلاش کر کے لکھئے۔ 1

(۳) درج ذیل شعر کی روشنی میں ہولی اور بہار کو واضح کیجیے: 2

بہار آئی کہ دن ہولی کے آئے
گلوں میں رنگ کھیلا جا رہا ہے

حصہ 3 — قواعد: کل نمبرات : 8

۴۔ ہدایات کے مطابق سرگرمیاں مکمل کیجیے: 8

(۱) سراج نے سیب کھایا۔ 1

(جملے سے مفعول تلاش کر کے لکھئے)

P.T.O.

https://www.maharashtrastudy.com

(۲) یہ ہمارا اسکول ہے۔ 1

(اسمِ عام تلاش کر کے لکھیے)

(۳) درج ذیل محاورے کو اپنے جملے میں استعمال کیجیے : 1

دنگ رہ جانا۔

(۴) 'ا ت رٗ' ان حروف سے دو نئے با معانی سہ حرفی الفاظ بنائیے۔ 1

(۵) درج ذیل جملے میں مناسب علاماتِ اوقاف لگائیے : 1

اب مزید علم حاصل کر کے کیا کیجئے گا۔

(۶) درج ذیل جملے کا اِملا درست کر کے لکھیے : 1

بڑے جوٗر کا توفان آنے والا ہے۔

(۷) درج ذیل شعر کی صنعت پہچان کر وضاحت کیجئے: 2

گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر

بھُن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

https://www.maharashtrastudy.com

11/N 894

Seat Number

حصہ 4 — اطلاقی تحریری مہارت : کل نمبرات : 12

(الف) دیے ہوئے پوسٹر کی مدد سے کسی ایک خط کی سرگرمی مکمل کیجیے : **5**

پڑھو — آگے بڑھو

تعلیمی بیداری مہم

مورخہ : ۵ جولائی ۲۰۲۲

بوقت : صبح ۱۰ بجے سے شام ۵ بجے تک

بمقام : جے بند چوک سے جونا شہر تک

اپنے بچوں کو اسکول بھیجیے

رسمی خط		غیر رسمی خط
اپنے علاقے کے ماہر تعلیم کو خط لکھ کر اس تعلیمی مہم میں شرکت کی درخواست کیجیے۔	یا	اپنے دوست / سہیلی کو خط لکھ کر اس تعلیمی بیداری مہم میں شریک ہونے کی دعوت دیجیے۔
اپنے طور سے مزید نکات کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔		اپنے طور سے مزید نکات کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

https://www.maharashtrastudy.com

P.T.O.

https://www.maharashtrastudy.com

7

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک سرگرمی کو مکمل کیجیے :

(۱) درج ذیل نکات کی مدد سے کہانی لکھیے :

دو دوست ــ جنگل سے گزر ــ اچانک سامنے سے ریچھ آتا دکھائی دینا ــ گھبرانا ــ ایک دوست کا پیڑ پر چڑھنا ــ دوسرے کا نہ چڑھ جانا ــ زمین پر لیٹنا ــ ریچھ کا آنا ــ سونگھنا ــ آگے بڑھ جانا ــ دوست کا وجہ پوچھنا ــ جواب دینا ــ نتیجہ

یا

(۲) درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان کے تحت ۸۰ تا ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے :

(i) جنگِ آزادی میں مسلمانون کا کردار

(ii) أف ! یہ موبائیل فون

https://www.maharashtrastudy.com